adda247

II gr Tea Ex 2013

adda247

प्रश्न पुस्तिका

कोड / Code : 09

A

URDU / اردو : PAPER-II

पुस्तिका क्रम

090065

पुस्तिका में पृष्ठों की संख्या : 32

पुस्तिका में प्रश्नों की संख्या : 150

وقت : $2\frac{1}{2}$ گھنٹے

کل نمبر : 300

## निर्देश / INSTRUCTIONS / ہدایات

1. सभी प्रश्नों के उत्तर दीजिए ।
   Answer all questions.
2. सभी प्रश्नों के अंक समान हैं ।
   All questions carry equal marks.
3. प्रत्येक प्रश्न का केवल एक ही उत्तर दीजिए।
   Only one answer is to be given for each question.
4. एक से अधिक उत्तर देने की दशा में प्रश्न के उत्तर को गलत माना जाएगा ।
   If more than one answers are marked, it would be treated as wrong answer.
5. प्रत्येक प्रश्न के चार वैकल्पिक उत्तर दिये गये हैं, जिन्हें क्रमशः 1, 2, 3, 4 अंकित किया गया है। अभ्यर्थी को सही उत्तर निर्दिष्ट करते हुए उनमें से केवल एक गोले अथवा बबल को उत्तर-पत्रक पर नीले बॉल प्वाइंट पेन से गहरा करना है ।
   Each question has four alternative responses marked serially as **1, 2, 3, 4**. You have to darken only one circle or bubble indicating the correct answer on the Answer Sheet using **BLUE BALL POINT PEN.**
6. प्रत्येक गलत उत्तर के लिए प्रश्न अंक का 1/3 भाग काटा जायेगा। गलत उत्तर से तात्पर्य अशुद्ध उत्तर अथवा किसी भी प्रश्न के एक से अधिक उत्तर से है । किसी भी प्रश्न से संबंधित गोले या बबल को खाली छोड़ना गलत उत्तर नहीं माना जायेगा।
   **1/3 part of the mark(s) of each question will be deducted for each wrong answer.** (A wrong answer means an incorrect answer or more than one answers for any question. Leaving all the relevant circles or bubbles of any question blank will not be considered as wrong answer.)
7. प्रश्न-पत्र पुस्तिका एवं उत्तर पत्रक के लिफाफे की सील खोलने पर परीक्षार्थी यह सुनिश्चित कर लें कि उसके प्रश्न-पत्र पुस्तिका पर वही सीरीज अंकित है जो उत्तर पत्रक पर अंकित है। इसमें कोई भिन्नता हो तो वीक्षक से प्रश्न-पत्र की ही सीरीज वाला दूसरा प्रश्न-पत्र का लिफाफा प्राप्त कर लें। ऐसा न करने पर जिम्मेदारी अभ्यर्थी की होगी।
   The candidate should ensure that Series Code of the Question Paper Booklet and Answer Sheet must be same after opening the envelopes. In case they are different, a candidate must obtain another question paper of the same series. Candidate himself shall be responsible for ensuring this.
8. मोबाईल फोन अथवा इलेक्ट्रोनिक यंत्र का परीक्षा हॉल में प्रयोग पूर्णतया वर्जित हैं। यदि किसी अभ्यर्थी के पास ऐसी कोई वर्जित सामग्री मिलती है तो उसके विरुद्ध आयोग द्वारा नियमानुसार कार्यवाही की जायेगी।
   Mobile Phone or any other electronic gadget in the examination hall is strictly prohibited. A candidate found with any of such objectionable material with him/her will be strictly dealt as per rules.
9. कृपया अपना रोल नम्बर ओ.एम.आर. पत्रक पर सावधानी पूर्वक सही भरें । गलत अथवा अपूर्ण रोल नम्बर भरने पर 5 अंक कुल प्राप्तांको में से अनिवार्य रूप से काटे जाएंगे।
   Please cirrectly fill your Roll Number in O.M.R. Sheet. 5 marks will be deducted for filling wrong or incomplete Roll Number.

चेतावनी : अगर कोई अभ्यर्थी नकल करते पकड़ा जाता है या उसके पास से कोई अनधिकृत सामग्री पाई जाती है, उस अभ्यर्थी के विरुद्ध पुलिस में प्राथमिकी दर्ज कराई जायेगी और आर. पी. ई. (अनुचित साधनों की रोकथाम) अधिनियम, 1992 के नियम 3 के तहत कार्यवाही की जायेगी। साथ ही आयोग ऐसे अभ्यर्थी को भविष्य में होने वाली आयोग की समस्त परीक्षाओं से विवर्जित कर सकता है।

***Warning*** :If a candidate is found copying or if any unauthorised material is found in his/her possession, F.I.R. would be lodged against him/her in the Police Station and he/she would liable to be prosecuted under Section 3 of the R.P.E. (Prevention of Unfairmeans) Act, 1992. Commission may also debar him/her permanently from all future examinations of the Commission.

1 انگریزوں نے اردو کو کس نام سے پکارا؟

(1) گجری (2) ھندوی

(3) ہندی (4) اردوئے معلّا

2 ''پنجاب میں اردو'' تصنیف کے مصنف کون ہیں؟

(1) اختر شیرانی (2) محمود شیرانی

(3) گیان چند جین (4) گوپی چند نارنگ

3 مندرجہ ذیل میں سے کونسا املا درست ہے؟

(1) کشش (2) کشس

(3) قصش (4) کصص

4 اردو کہاں پیدا ہوئی؟

(1) ایران میں (2) عرب میں

(3) ہندوستان میں (4) ترکی میں

5 مندرجہ ذیل میں سے مغنّی کا معنی ہے

(1) گانے والا (2) فنی طبیعت والا

(3) واقف (4) فرشتہ

6 پر آشوب کے معنی کیا ہیں؟

(1) پرسکون (2) پرکشش

(3) پرشوق (4) جہاں اتھل پتھل مچی ہو

7 چشمِ خوں فشاں کے معنی کیا ہیں؟

(1) آنسو بہانے والی آنکھ
(2) خون بہانے والی آنکھ
(3) سرخ ڈوروں والی آنکھ
(4) موتیا بند والی آنکھ

8 تجلی کدہ کے معنی کیا ہیں؟

(1) اندھیری جگہ
(2) روشن جگہ
(3) غلیظ جگہ
(4) پتھریلی جگہ

9 'سویرے جو کل آنکھ میری کھلی' کس کا مضمون ہے؟

(1) منشی پریم چند
(2) محمد مجیب
(3) ڈپٹی نذیر احمد
(4) ان میں سے کوئی نہیں

10 چوتھی کا جوڑا کیا ہے؟

(1) ناول
(2) افسانہ
(3) خاکہ
(4) انشائیہ

11 ''پہاڑ اور گلہری نظم میں'' گلہری نے پہاڑ سے کیا کہا تھا؟

(1) پہاڑ کے پتھروں میں طاقت ہے
(2) پہاڑ سے ندیاں نکلتی ہیں
(3) مجھے درخت پر چڑھنا آتا ہے
(4) پہاڑ ٹھوس ہے

adda247

12 خدا کے نام خط سبق میں ''للین شو نے لفافے پر کس کا پتہ لکھا'' ؟

(1) دوست کا پتہ
(2) والدین کا پتہ
(3) سسرال کا پتہ
(4) خدا کا پتہ

13 ژالہ باری سے کیا نقصانات ہوئے؟

(1) مکان گر گیا
(2) فصل چوپٹ ہوگئی
(3) بچے زخمی ہوگئے
(4) سارا سامان خراب ہوگیا

14 میرا من کہاں پیدا ہوئے؟

(1) جے پور
(2) اودے پور
(3) دہلی
(4) گجرات

15 زمین سے بڑے آگ کے گولے کون سے ہیں؟

(1) سورج
(2) چاند
(3) آتش فشاں پہاڑ
(4) ان میں سے کوئی نہیں

16 وزیر علی کے کارنامے سن کر کس کے کارنامے یاد آتے ہیں؟

(1) سراج الدولہ
(2) ٹیپو سلطان
(3) شمس الدولہ
(4) حیدر علی

17 کرنل سے کارتوس مانگنے والا سوار کون تھا؟

(1) امیر علی
(2) سعادت علی
(3) وزیر علی
(4) حیدر علی



adda247

18 باغ و بہار کس کی تصنیف ہے؟

(1) کرشن چندر
(2) راجندر سنگھ بیدی
(3) عصمت چغتائی
(4) میر امن

19 مچھر سبق میں انسان کو کیا نصیحت کی گئی ہے؟

(1) سوتے رہو
(2) غفلت میں رہو
(3) بیدار رہو
(4) عبادت کرو

20 مچھر سبق میں مصنف نے کس بادشاہ کا ذکر کیا ہے جو خدائی کا دعویٰ کرتا تھا۔

(1) فرعون
(2) شدّاد
(3) نمرود
(4) قارون

21 آبِ حیات کیا ہے؟

(1) افسانہ
(2) ناول
(3) اردو شاعری کی تاریخ کی پہلی کتاب
(4) ڈراما

22 ''چرکہ لگانا'' محاورے کا مطلب ہے

(1) فائدہ پہنچانا
(2) زخم لگانا
(3) مزہ چکھانا
(4) بدلہ لینا

adda247

23 مندرجہ ذیل میں سے محاورہ کون سا ہے؟
(1) کوئی اثر نہ ہونا (2) وارے نیارے ہونا
(3) خوب فائدہ اٹھانا (4) ہوش میں آ جانا

24 غالب جدید شعراء کی مجلس سبق میں ن۔م۔ ارشد کی نظم پر ہیراجی نے کیا تبصرہ کیا؟
(1) اس صدی کی سب سے خراب نظم (2) اس صدی سے آگے کی نظم
(3) اس صدی کی سب سے اچھی نظم (4) اس صدی کی سب سے جدید نظم

25 بکرماجیت ورما نے جو کلام سنایا اس کا تعلق کس صنف سے ہے؟
(1) نثری نظم (2) جدید نظم
(3) ہائیکو (4) گیت

26 سیرت النبیؐ کس کی تصنیف ہے؟
(1) اقبال (2) شبلی نعمانی
(3) فراق گورکھ پوری (4) مجنوں گورکھ پوری

27 کون سی سوانح عمری حالؔی کی لکھی نہیں ہے۔
(1) یادگارِ غالبؔ (2) حیاتِ جاوید
(3) حیاتِ سعدی (4) سوانح مولانا روم

adda247

28 پیروڈی کسے کہتے ہیں؟

(1) گیت لکھنا
(2) سنجیدہ نظم لکھنا
(3) مشہور نثر و نظم کی مزاحیہ انداز میں نقل اتارنا
(4) مزاحیہ نظم لکھنا

29 میراثی کسے کہتے ہیں؟

(1) گانے بجانے والی قوم
(2) ناچنے والی قوم
(3) نقالی کرنے والی قوم
(4) سوداگری کرنے والی قوم

30 قرۃ العین حیدر کا پہلا افسانوی مجموعہ کون سا تھا؟

(1) ستاروں سے آگے
(2) پت جھڑ کا موسم
(3) سفینہ غم و دل
(4) چاندنی بیگم

31 قرۃ العین حیدر کو ادب (ساہتیہ) کا کونسا سب سے بڑا ایوارڈ ملا تھا؟

(1) ساہتیہ اکادمی پُرسکار
(2) گیان پیٹھ پُرسکار
(3) اقبال سمان
(4) پدم بھوشن

32 لندن کی ایک رات کس کی تصنیف ہے؟

(1) پریم چند
(2) مرزا رُسوا
(3) مولانا آزاد
(4) سجاد ظہیر


adda247

33 بنّے بھائی کے نام سے کون سے ادیب مشہور ہوئے؟

(1) اعجاز احمد (2) سعادت حسین منٹو

(3) سجّاد ظہیر (4) امتیاز علی تاج

34 سجّاد ظہیر نے 1936 میں کس انجمن کو قائم کیا؟

(1) انجمن زندہ دلاں (2) انجمنِ پنجاب

(3) انجمن ترقی پسند مصنّفین (4) انجمن قومی آزادی

35 کرشن چندر کا بچپن کہاں گزرا؟

(1) یوپی (2) راجستھان

(3) کشمیر (4) بمبئی

36 ''میری یادوں کے چنار'' کس کی تصنیف ہے؟

(1) کرشن چندر (2) عصمت چغتائی

(3) قرۃ العین حیدر (4) سجّاد ظہیر

37 پریم چند کا اصلی نام کیا تھا؟

(1) دھنپت رائے (2) موہن رائے

(3) سوہن رائے (4) رامیشور رائے

38 پریم چند کا پہلا افسانوی مجموعہ کون سا ہے؟

(1) پریم بتّیسی (2) پریم پچّیسی

(3) واردات (4) سوزِ وطن

adda 247

39 میدانِ عمل کیا ہے؟

(1) ناول (2) افسانہ

(3) خاکہ (4) انشائیہ

40 میرامن کون سے کالج میں ملازمت کرتے تھے؟

(1) دلّی کالج (2) علی گڑھ کالج

(3) فورٹ ولیم کالج (4) پریسی ڈینسی کالج

41 ''موت کا ایک دن معین ہے''،

مندرجہ بالا شعر کا دوسرا مصرعہ کون سا ہے؟

(1) رات بھر جاگتے گزرتی ہے (2) نیند رات بھر آتی ہے

(3) نیند کیوں رات بھر نہیں آتی (4) صبح ہوتی ہے شام ہوتی ہے

42 پطرس کا اصلی نام کیا تھا؟

(1) علی احمد بخاری (2) سیّد احمد شاہ بخاری

(3) شاہین علی بخاری (4) سیّد محمد شاہ بخاری

43 پطرس کے مضامین کی نوعیت ہے

(1) سنجیدہ (2) مزاحیہ

(3) بیانیہ (4) کوئی نہیں



adda247

44 ''چوتھی کا جوڑا'' افسانے میں کبریٰ کا چوتھی کا جوڑا کس رنگ کا تیار ہوا؟

(1) لال
(2) ہرا
(3) سفید
(4) کالا

45 ''نظم اے شریف انسانوں'' کا مرکزی خیال ہے

(1) دوستی دشمنی
(2) بھائی چارگی
(3) جنگ و جدل
(4) قربانی

46 محمد حسین آزاد کس تحریک سے وابستہ تھے؟

(1) ترقی پسند تحریک
(2) سر سیّد تحریک
(3) رومانی تحریک
(4) جدید تحریک

47 شبلی نعمانی نے کس صنفِ سخن میں زیادہ تصانیف لکھی ہیں؟

(1) ناول نگاری
(2) خاکہ نگاری
(3) سوانح نگاری
(4) انشائیہ نگاری

48 سر سیّد احمد خاں نے غدر کے متعلق کون سی کتاب لکھی ہے؟

(1) خطباتِ احمدیا
(2) اسبابِ بغاوتِ ہند
(3) آثار الصنادید
(4) حیاتِ سعدی

adda247

49 نظیر اکبرآبادی کا پورا نام کیا تھا؟

(1) علی محمد (2) تقی محمد

(3) ولی محمد (4) ذکی محمد

50 نظیر اکبرآبادی نے اپنی نظم نیکی اور بدی میں کیا سبق دیا ہے؟

(1) نیکی اور بدی کا صلہ دنیا میں ملتا ہے

(2) نیکی اور بدی کا صلہ مرنے کے بعد ملتا ہے

(3) نیکی اور بدی کا صلہ کہیں نہیں ملتا ہے

(4) نیکی اور بدی کا صلہ سرکار سے ملتا ہے

51 نظیر اکبرآبادی کو کہا جاتا ہے۔

(1) رومانی شاعر (2) پیغامی شاعر

(3) عوامی شاعر (4) انقلابی شاعر

adda247

52 موت کا ایک دن معیّن ہے
نیند کیوں رات بھر نہیں آتی
غالبؔ کا یہ شعر کس فلسفہ کی طرف اشارہ کرتا ہے؟

(1) زندگی کی پریشانی (2) زندگی کی بے ثباتی

(3) زندگی کی لافانیت (4) ان میں سے کوئی نہیں

53 نظم شعاع امید میں ''مخواص'' معنی سے کیا مراد ہے؟

(1) وطن سے محبت کرنے والے لوگ (2) محنت کش لوگ

(3) حقیقت کی تلاش کرنے والا (4) مغل بادشاہ

54 شعاعِ امید نظم میں مغرب کا متضاد الفاظ کیا ہے؟

(1) جنوب (2) شمال

(3) مشرق (4) دکن

55 اقبال کی شاعری کی خوبی ہے؟

(1) رومانویت (2) فلسفہ

(3) سیاسی (4) سماجی

56 ساحر لدھیانوی کے شعری مجموعہ کا نام ہے

(1) تنہائیاں (2) تلخیاں

(3) خواب و خیال (4) جام وصبو

57 انیس کا پورا نام کیا تھا؟

(1) میر ضمیر علی (2) میر ممنون علی

(3) میر احسان علی (4) میر ببر علی

adda247

58 ولی کے کلام کی سب سے اہم خصوصیت کیا ہے؟

(1) کھڑی بولی (2) دکنی شاعروں سے مماثلت

(3) فارسی آمیز (4) عربی آمیز

59 مفلسی کس شاعر کی نظم ہے؟

(1) غالبؔ (2) اقبالؔ

(3) فیضؔ (4) نظیرؔ

60 دردؔ اردو کے کس دبستان سے تعلق رکھتے ہیں؟

(1) دبستانِ دہلی (2) دبستانِ لکھنؤ

(3) دبستانِ رامپور (4) دبستانِ عظیم آباد

61 اردو ادب کا سب سے بڑا طنز و مزاح کا شاعر کون ہے؟

(1) فیضؔ (2) حسرتؔ

(3) اکبرؔ (4) حالیؔ

62 شاعرِ شباب اور شاعرِ انقلاب کس شاعر کو کہا جاتا ہے

(1) اقبالؔ (2) ساحرؔ

(3) جوشؔ (4) مجازؔ

adda247

63 خود کلامی کا مطلب کیا ہے؟

(1) محبوب سے کلام کرنا (2) خدا سے کلام کرنا

(3) خود سے کلام کرنا (4) دوست سے کلام کرنا

64 حالی نے شاعری کے متعلق کون سی کتاب لکھی ہے؟

(1) موازنہ انیس و دبیر (2) شعر شور انگیز

(3) شعرالعجم (4) مقدمہ شعرو شاعری

65 دل اگر دل ہے تو جس راہ پر لے جائے گا
دردمندوں کی وہی راہ گزر بھی ہوگی

اس شعر میں احسن جذبی نے دردمندوں کی راہ گزر کون سی بتائی ہے؟

(1) دوسرے کی تنہائی میں شریک ہونا

(2) دوسرے کی خوشیوں میں شریک ہونا

(3) دوسرے کے دکھ درد کو سمجھنا

(4) دوسرے کی محنت کی قدر کرنا

adda247

66 ناصر کاظمی کی غزل میں کس جذبہ کی کارفرمائی ہے؟

(1) تنہائی کا کرب (2) ہجرت کا کرب

(3) معاشی کرب (4) سیاسی کرب

67 میر انیسؔ .......... کے سب سے بڑے شاعر ہیں

(1) قصیدہ (2) غزل

(3) مرثیہ (4) رباعی

68 اسماعیل میرٹھی نے .............. نصیحت آمیز نظمیں لکھی ہیں۔

(1) بڑوں کے متعلق (2) عورتوں کے متعلق

(3) جانوروں کے متعلق (4) بچوں کے متعلق

69 لکھنؤ دبستان کے تحت کس نئی صنفِ سخن کی ایجاد ہوئی؟

(1) مرثیہ (2) رہس

(3) ریختی (4) مثنوی

70 دہلی دبستان کی خصوصیات کون سی ہے؟

(1) اخلاقیات (2) مبالغہ

(3) تصنع (4) خارجیت

71 اردو کا پہلا افسانہ نگار کون ہے؟

(1) کرشن چندر (2) پریم چند

(3) سعادت حسین منٹو (4) راجندر سنگھ بیدی

72 اردو کا پہلا ڈراما نگار کون ہے؟

(1) امتیاز علی تاج (2) آغا حشر کاشمیری

(3) امانت لکھنوی (4) علی عبّاس حسینی



adda247

73 اردو کا شیکسپیئر کسے کہا جاتا ہے؟

(1) حبیب تنویر (2) محمد حسین

(3) آغا حشر کاشمیری (4) امتیاز علی تاج

74 انشائیہ میں انشائیہ نگار اپنے مشاہدات کا اظہار کس طرح سے کرتا ہے؟

(1) سنجیدگی سے (2) شگفتگی سے

(3) دلائل سے (4) سرسری انداز سے

75 مضمون نویسی کے کتنے حصہ ہوتے ہیں؟

(1) چار (2) پانچ

(3) تین (4) دو

76 نجی خط میں کاتب اپنا پتہ و تاریخ کاغذ کے کس جانب لکھتا ہے؟

(1) نیچے (2) اوپر

(3) دائیں (4) بائیں

77 کاروباری اور سرکاری خطوط میں تاریخ و پتہ کاغذ کے کس جانب لکھا جاتا ہے؟

(1) بائیں (2) دائیں

(3) نیچے (4) باہر

adda247

78 اسلم، چاندنی چوک، قطب مینار
مندرجہ بالا مثالیں کس اسم کی مثالیں ہیں؟

(1) اسم معرفہ
(2) اسم نکرہ
(3) اسم مصغّر
(4) اسم ذات

79 قاتل کا اسم مفعول کیا ہوگا؟

(1) مظلوم
(2) مقتول
(3) قتّال
(4) مقبول

80 بات کرنے والا اپنے لئے جو ضمیر استعمال کرتا ہے اس کو .......... کہتے ہیں۔

(1) ضمیر غائب
(2) ضمیر حاضر
(3) ضمیر متکلم
(4) ضمیر خاص

81 لفظ صغریٰ کا متضاد ہے

(1) کبریٰ
(2) اعلیٰ
(3) ادنیٰ
(4) اونچا

82 خواجہ کا مونث کیا ہوگا؟

(1) خواجگان
(2) خاتون
(3) بیوی
(4) باندی

adda247

83 خانم کا مذکر کیا ہوگا؟

(1) پری (2) خاتون

(3) باندی (4) خان

84 اردو زبان کی پہلی نثری تصنیف کا کیا نام ہے؟

(1) معراج العاشقین (2) سب رس

(3) کدم راؤ پدم راؤ (4) علی نامہ

85 قطب مشتری کس کی تصنیف ہے؟

(1) غالب (2) قلی قطب شاہ

(3) ملاّ وجہی (4) نصرتی

86 ''سحرالبیان'' کیا ہے؟

(1) غزلوں کا مجموعہ (2) مرثیوں کا مجموعہ

(3) مثنوی (4) قصیدہ

87 نظم کی ایک قسم مسدّس کے ایک بند میں کتنے مصرعہ ہوتے ہیں؟

(1) چھ (2) تین

(3) چار (4) پانچ

88 اردو اِملا کو سہل اور سائنٹفک بنانے میں اہم رول رہا ہے۔

(1) رشید حسن خاں (2) گوپی چند نارنگ

(3) عبدالستار صدیقی (4) تینوں کا



adda247

89 خطوط نگاری ایک فن ہے۔ اس کے لئے کیا اصول اور کیا موضوعات ہوتے ہیں۔ان میں سے ایک اصول جو اہم ہے بتایئے۔

(1) دلچسپی
(2) تنوع
(3) شگفتگی
(4) کوئی اصول نہیں

90 اِملا درست ہونے میں کس کی پیروی کی جائے۔

(1) عوام میں رائج اِملا
(2) لغت میں رائج اِملا
(3) ادیبوں اور نقادوں کی پیروی
(4) اساتذہ کے بتائے ہوئے اِملا

91 آغا حشر کاشمیری کا تعلق کس صنف سے ہے؟

(1) افسانہ
(2) ناول
(3) ڈراما
(4) سفرنامہ

92 مضمون ''اپنی مدد آپ'' کا مصنف کون ہے؟

(1) پریم چند
(2) فرحت اللہ بیگ
(3) رشید احمد صدیقی
(4) سرسید احمد خاں

93 میر تقی میر کس صدی کے شاعر ہیں؟

(1) سترہویں
(2) اٹھارہویں
(3) انیسویں
(4) بیسویں



adda247

94 تم مرے پاس ہوتے ہو گویا
جب کوئی دوسرا نہیں ہوتا
یہ شعر کس کا ہے؟
(1) غالبؔ
(2) مومنؔ
(3) حالیؔ
(4) میرؔ

95 اس کے رخسار دیکھ جیتا ہوں
عارضی میری زندگانی ہے
اس شعر کے کس لفظ میں ایہام کی صنعت ہے؟
(1) عارضی
(2) رخسار
(3) جینا
(4) زندگانی

adda247

96 ''نمک کا داروغہ'' کیا ہے؟
(1) ڈراما
(2) ناول
(3) افسانہ
(4) خاکہ

97 ان میں سے فرحت اللہ بیگ کی تصنیف کون سی ہے؟
(1) شیخ پیرو
(2) دو بیل
(3) ذاکر صاحب
(4) یار باش

98 فورٹ ولیم کالج کب قائم ہوا؟

(1) 1799
(2) 1800
(3) 1801
(4) 1802

99 گریز کا تعلق کس صنف سے ہے؟

(1) قصیدہ
(2) مرثیہ
(3) غزل
(4) رباعی

100 رات دن گردش میں ہیں سات آسمان
ہو رہے گا کچھ نہ کچھ گھبرائیں کیا
اس شعر میں کون سی صنعت ہے؟

(1) ایہام
(2) حسن تعلیل
(3) تضاد
(4) تلمیح

101 ''مقدمۂ شعر و شاعری'' کس شاعر کے دیوان کا مقدمہ ہے؟

(1) محمد حسین آزاد
(2) حالی
(3) فراق
(4) مومن

102 ''اغراق'' کا تعلق کس سے ہے؟

(1) حسن تعلیل
(2) استعارہ
(3) تضاد
(4) مبالغہ



adda247

103 'کربل کتھا' کا مصنف کون ہے؟

(1) میر انیسؔ
(2) فضلی
(3) افضل
(4) راشد الخیری

104 ان میں سے کس کا تعلق سرسید تحریک سے ہے؟

(1) محسن الملکؔ
(2) غالبؔ
(3) داغؔ
(4) چکبستؔ

105 لفظ مرثیہ کس سے مشتق ہے؟

(1) رسا
(2) رثا
(3) رثائی
(4) رسائی

106 ''غزل اردو شاعری کی آبرو ہے'' یہ قول کس کا ہے؟

(1) محمد حسین آزاد
(2) غالبؔ
(3) رشید احمد صدیقی
(4) آل احمد سرور

107 ان میں سے کس کی بنیاد مشابہت پر قائم ہے؟

(1) مبالغہ
(2) تضاد
(3) حسن تعلیل
(4) استعارہ

108 سرسید تحریک کو اور کس نام سے جانا جاتا ہے؟

(1) اردو تحریک
(2) علی گڑھ تحریک
(3) تعلیمی تحریک
(4) ان میں سے کوئی نہیں


adda247

109 ''عود ہندی'' کیا ہے؟

(1) خطوط کا مجموعہ

(2) غزلوں کا مجموعہ

(3) افسانوں کا مجموعہ

(4) گیتوں کا مجموعہ

110 ان میں سے کس فن کا تعلق عمل سے ہے؟

(1) افسانہ

(2) مثنوی

(3) ڈراما

(4) ناول

111 نوطرز مرصع کا سنہ تصنیف کیا ہے؟

(1) 1770

(2) 1772

(3) 1775

(4) 1785

112 ان میں غالب کا مکتوب الیہ کون ہے؟

(1) اقبال

(2) ہرگوپال تفتہ

(3) منشی پریم چند

(4) میر تقی میر

113 خدائے سخن کے لقب سے کون مشہور ہے؟

(1) ولی

(2) غالب

(3) میر

(4) اقبال

114 دبستانِ لکھنؤ میں آتش کے ساتھ کس شاعر کا نام لیا جاتا ہے؟

(1) ناسخ

(2) میر انیس

(3) میر سوز

(4) نظم طباطبائی

115 میر انیس ابتدا میں کون سا تخلص کرتے تھے؟

(1) رسا

(2) حزیں

(3) سالک

(4) ضمیر

116 تہذیب الاخلاق کا اجرا کس سنہ میں ہوا؟

(1) 1875

(2) 1870

(3) 1868

(4) 1872

117 حیاتِ جاوید کا تعلق کس صنف ادب سے ہے؟

(1) خاکہ نگاری

(2) انشائیہ نگاری

(3) رپورتاژ نگاری

(4) سوانح نگاری

118 رویا غمِ حسین میں یارو میں اس قدر - چوتھے فلک پہ آئے ہے پانی کمر کمر

اس شعر میں کون سی صنعت استعمال کی گئی ہے؟

(1) تضاد

(2) تجاہلِ عارفانہ

(3) تشبیہ

(4) مبالغہ

119 'نئی دنیا کو سلام' کے خالق کون ہیں؟

(1) جوش ملیح آبادی

(2) علی سردار جعفری

(3) فیض

(4) مخدوم



adda247

120 میر درد کے والد کا تخلص کیا تھا؟

(1) مائل
(2) بیخود
(3) عندلیب
(4) ہدایت

121 کیوں صاحب! روٹھے ہی رہوگے یا منوگے بھی اور اگر کسی طرح نہیں مانتے تو روٹھنے کی وجہ لکھو۔ اس خط کا مکتوب الیہ کون ہے؟

(1) میر مہدی
(2) غالب
(3) مرزا ہرگوپال تفتہ
(4) علاء الدین خاں

122 ڈراما ''اندر سبھا'' کا سنہ تصنیف کیا ہے؟

(1) 1835
(2) 1862
(3) 1852
(4) 1840

123 ہندوستان میں سب سے پہلے ڈرامے کا آغاز کس زبان میں ہوا؟

(1) سنسکرت
(2) ہندی
(3) فارسی
(4) اردو

124 المیہ اور طربیہ کس صنف کی خصوصیات ہیں؟

(1) داستان
(2) ناول
(3) ڈراما
(4) افسانہ



adda247

125 وہ صنف جس کا ہر شعر جداگانہ مطلب رکھتا ہے اسے کیا کہتے ہیں؟

(1) نظم
(2) غزل
(3) قصیدہ
(4) مرثیہ

126 ترقی پسندوں کا پہلا اجلاس کس سنہ میں ہوا؟

(1) 1930
(2) 1934
(3) 1935
(4) 1936

127 پنڈت الوپی دین کس افسانہ کا کردار ہے؟

(1) کفن
(2) آنندی
(3) آخری آدمی
(4) نمک کا داروغہ

128 ادب برائے زندگی کس کا نظریہ ہے؟

(1) وہابی تحریک
(2) ترقی پسند تحریک
(3) علی گڑھ تحریک
(4) جدیدیت

129 ڈپٹی نذیر احمد کس کالج کے طالب علم تھے؟

(1) دلّی کالج
(2) سینٹ جانس کالج
(3) سینٹ اسٹفن کالج
(4) علی گڑھ یونیورسٹی

adda247

130 غالبؔ کس کالج میں فارسی پڑھانے پر مقرر ہوئے تھے؟

(1) کروڑی مل کالج
(2) دلّی کالج
(3) جامعہ ملیہ اسلامیہ
(4) سینٹ اسٹفن کالج

131 تدریس زبان کے لیے درست ترتیب ہے؟

(1) سننا - بولنا - لکھنا - پڑھنا
(2) بولنا - پڑھنا - لکھنا - سننا
(3) سننا - بولنا - پڑھنا - لکھنا
(4) پڑھنا - لکھنا - بولنا - سننا

132 پڑھنا سکھانے کے ترکیبی طریقے میں کیا اقدام کرتے ہیں؟

(1) کل سے جز کی طرف
(2) لفظ سے نئے لفظ سازی کی طرف
(3) حروف سے لفظ سازی کی طرف
(4) بڑی اکائی سے حروف کی شناخت کی طرف

133 حروفِ تہجی کی تدریس کیا صوتی طریقہ کیا ہوتا ہے؟

(1) بہ آواز بلند پڑھنا
(2) طلبہ کو حروف کی آواز سے واقف کرانا
(3) اعراب کے ساتھ پڑھنا سکھانا
(4) حروف کی انفرادی شکلوں کی پہچان کرانا



adda247

134 دائروں اور خطوں کے ذریعے حروف تہجی کی تدریس کا طریقہ کیا کہلاتا ہے؟

(1) ترکیبی طریقہ
(2) تحلیلی طریقہ
(3) ابجدی طریقہ
(4) پستالوزی طریقہ

135 جملہ واری طریقہ، پڑھنا سکھانے کا کون سا طریقہ ہے؟

(1) قصہ واری طریقہ کا توسیعی طریقہ قدیمی
(2) تحلیلی طریقہ
(3) مشرقی طرز سے زبان سکھانے کا طریقہ
(4) جملے کا ترجمہ کرانے کا طریقہ

136 حروفِ علت کے لیے کس لفظ کا استعمال ہوتا ہے؟

(1) مصوتہ
(2) کلمہ
(3) مصمتہ
(4) مہمل

137 ہائے مختفی کا استعمال کہاں ہوتا ہے؟

(1) لفظ کے شروع میں
(2) لفظ کے درمیان
(3) لفظ کے آخر میں
(4) ان میں سے کہیں نہیں

adda247

138 تدریس قواعد کے کس طریقے میں اصطلاحیں، تعریفیں اور اصول رٹوائے جاتے ہیں؟

(1) استقرائی طریقہ (2) استخراجی طریقہ

(3) مخلوط طریقہ (4) قصہ واری طریقہ

139 طریقۂ تفویض کے ذریعے طلبہ کی کس صلاحیت میں اضافہ ہوتا ہے؟

(1) تحریری (2) تقریری

(3) تحریری اور تقریری دونوں (4) تلفظ

140 اسباق کی تدریس میں 'اطلاق' کا کیا مطلب ہے؟

(1) سبق کی وضاحت کرنا (2) سبق کو پیش کرنا

(3) سبق کا اعادہ کرنا (4) نئی معلومات کا موزوں استعمال کرنا

141 لیکچر کا طریقۂ تدریس جب اِملا کے طریقے میں تبدیل ہوجائے تو اس طریقۂ کار کی یہ کیا ہوگی؟

(1) وسعت (2) نشو ونما

(3) خرابی (4) خوبی

142 تفویضات کا طریقہ کن جماعتوں میں استعمال نہیں ہوسکتا ہے؟

(1) ابتدائی جماعت میں (2) وسطانی جماعت میں

(3) ثانوی جماعت میں (4) اعلیٰ ثانوی جماعت میں



adda247

143 مطالعہ زیرِ نگرانی طریقۂ کار میں مدرس کا رول ہوتا ہے؟
(1) بچوں کو تفویضات دے اور بچے انہیں اپنے طور پر مکمل کریں۔
(2) بچوں کی انفرادی دشواریاں دور کرے۔
(3) بچوں کی صرف اجتماعی دشواریوں پر ہدایت دے۔
(4) ان میں سے کوئی نہیں۔

144 تدریس میں تمہید کی بنیاد کس پر رکھی جاتی ہے؟
(1) سابقہ معلومات پر
(2) تفہیمِ عبارت پر
(3) مدرس کی تبدیلی حرکات و سکنات پر
(4) نئے علوم سے واقفیت پر

145 دورانِ تدریس کیے جانے والے سوالات کے لیے ضروری ہے؟
(1) قواعد کے اعتبار سے درست ہوں۔
(2) مختصر یا معروضی ہوں۔
(3) جامع اور واضح ہوں۔
(4) اوپر کے تینوں جواب درست ہیں۔

adda247

146 تدریس کے دوران سوالات کرنے کا اہم مقصد ہوتا ہے۔
(1) ذہین اور کمزور دماغ کے طلبہ میں تفریق کی جائے۔
(2) طلبہ کو سبق کی معلومات فراہم کی جائے۔
(3) تدریس میں طلبہ کی ذہنی فعالی کو شامل کیا جائے۔
(4) طلبہ کو پریشانی میں ڈالا جائے۔

147 نثر کی تدریس کا مقصد ہوتا ہے۔

(1) لسانی مہارتوں کا حصول

(2) طلبہ کی معلومات میں اضافہ

(3) (1) اور (2) دونوں درست ہیں۔

(4) (1) اور (2) دونوں غلط ہیں۔

148 تدریسِ نظم کا بنیادی مقصد ہوتا ہے؟

(1) نظم میں پیش خیالات اور احساسات سے محظوظ ہونا۔

(2) نظم کی بہ آوازِ بلند خوانی کرنا

(3) نظم کی لفظی اور ترکیبی مشکلات کے حل کے لیے نثر میں تبدیل کرنا۔

(4) نظم کے صرف اخلاقی پہلو کو تلاش کرنا۔

149 مندرجہ ذیل میں کس کا تعلق بصری توضیحات سے ہے؟

(1) ریڈیو (2) ٹیلی ویژن

(3) ٹیپ ریکارڈر (4) لِنگوافون

adda247

150 مکتوب الیہ کسے کہتے ہیں؟

(1) خوبصورت خط

(2) خط لکھنے والا

(3) خط پہنچانے والا

(4) جس کو خط لکھا جائے۔

कच्चे काम के लिये जगह / SPACE FOR ROUGH WORK / کچے کام کے لیے جگہ

adda247